14 مارچ 2013ء

# بینک ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز کے کلیمز ایس بی پی بی ایس سی کے دفاتر کو بھیجیں: اسٹیٹ بینک

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے تمام بینکوں/ڈی ایف آئیز کو ہدایت کی ہے کہ 22 فیصد ایکسپورٹ فنانس مارک اپ ریٹ فیسلٹی کی دوسری قسط [یکم مارچ سے 31 اگست 2010ء] کے اجرا کے لیے ٹیکسٹائل ایکسپورٹرز کے کلیمز وزارت ٹیکسٹائل انڈسٹری کے مستند رجسٹریشن سرٹیفکیٹس کی نقول کے ساتھ 15 اپریل 2013ء تک ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (BSC) کو بھیجیں۔ رجسٹریشن کی تصدیق اس لنک سے کی جائے: http://www.rdacell.com/registration/Statistics.aspx

اس طرح ایس بی پی بی ایس سی (بینک) کے دفاتر مذکورہ بالا مدت کے واجب الادا کلیمز ان کیسز میں جاری کرسکیں گے جن میں تمام کوائف درست ہوں گے اور جہاں اس اسکیم کے تحت 78 فیصد ادائیگی پہلے ہی کی جا چکی ہے۔

اس کے علاوہ بینک/ ڈی ایف آئیز ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر نمبر 04 بتاریخ 22 مارچ 2010ء میں درج ہدایات کو مدنظر رکھتے ہوئے 'مارک اپ ریٹ سپورٹ برائے ٹیکسٹائل سیکٹر' کے تحت طویل مدتی قرضوں کے عوض تیسری قسط (یکم ستمبر 2010ء تا 28 فروری 2011ء) کے لیے سبسڈی کلیمز بھی جمع کراسکتے ہیں۔ آج اسٹیٹ بینک کی جانب سے تمام بینکوں/ ڈی ایف آئیز کو جاری کیے گئے سرکلر لیٹر کے مطابق کلیمز مقررہ فارمیٹ پر مکمل تفصیلات کے ساتھ وزارت ٹیکسٹائل انڈسٹری کے مستند رجسٹریشن سرٹیفکیٹس کی نقول کے ہمراہ مذکورہ بالا لنک سے اس کی توثیق کے بعد ایس بی پی بی ایس سی کے متعلقہ دفاتر میں مذکورہ بالا آخری تاریخ تک جمع کرائے جاسکتے ہیں۔

مزید یہ کہ وزارت ٹیکسٹائل انڈسٹری نے ایکسپورٹ فنانس مارک اپ ریٹ فیسلٹی اور حکومت پاکستان کی طویل مدتی قرضہ اسکیموں کے مطابق مارک اپ ریٹ سپورٹ برائے ٹیکسٹائل سیکٹر کے تحت ادائیگیوں کے لیے فنڈز جاری کردیے ہیں۔ وزارت ٹیکسٹائل انڈسٹری نے یہ ہدایت بھی کی ہے کہ یہ رقوم صرف ان ٹیکسٹائل یونٹوں کو دی جائیں جن کے پاس وزارت ٹیکسٹائل سے منظور شدہ/ مستند سرٹیفکیٹس موجود ہوں۔

☆☆☆